# ذکر حیوانات

واسطے

## اطفالِ عزیز

پنجاب ریلیجس بک سوسیٹی کیطرف سے واسطے کرسچن ورنکیولر ایجوکیشن سوسیٹی کے شایع ہوئیں +


لودیانہ

لودیانہ مشن پریس میں پادری ویری صاحب کے اہتمام سے چھپیں

دفعہ اوّل

سنہ ۱۸۸۲ع

جلد ۱۰۰۰

## خوشی کا گھرانا

کسکو نیکوکار جورو ملتی ہی ؟ کہ اُسکی قیمت لعلوں سے بہت زیادہ ہی . . . وہ اپنے گھرانے کی عادتوں پر بخوبی نگاہ کرتی ہی اور کاہلی کی روٹی نہیں کھاتی - اُسکے بیٹے اُٹھتے ہیں اور اُسے مبارک کہتے ہیں اور اُس کا شوہر بھی اُسکی تعریف کرتا ہی . . حُسن دھوکھا ہی اور جمال میں پائداری نہیں پر وہ عورت جو خداوند سے ڈرتی ہی ستودہ ہوجائیگی ٭

امثال ۳۱ - ۱۰ - ۳۰

واسطے

اطفال عزیز

پنجاب رلیجس بک سوسیٹی کیطرف سے واسطے کرسچن ورنکیولر ایجوکیشن سوسیٹی کے شایع ہوئیں ٭

لودیانہ

لودیانہ مشن پریس میں پادری ویری صاحب کے اہتمام سے چھپیں ٭

سنہ ۱۸۸۲ع

دفعہ اوّل                    جلد ۱۰۰۰

Rau
250.53
168B2

یہہ کتاب بدیں مراد تیار کی گئی کہ ان تصویروں کے وسیلے سے اطفال پاک کلام کے پڑھنے اور اُسکی تعلیم کو یاد کرنے میں مدد حاصل کریں ٭

ہر ایک تصویر کے نیچے آیتیں ہیں جنسے والدین اور اُستاد انجیل کی تعلیم بخوبی دے سکتے ہیں ٭

...128167　　28 SEP 1992
Date... 21.1.92.

## کبوتریکا کشتی میں لوٹ آنا

نوح نے اُس کبوتری کو پھر کشتی سے اُڑا دیا۔ اور وہ کبوتری شام کے وقت اُسکے پاس پھر آئی اور دیکھو زیتون کی ایک تازہ پتی اُسکے منھہ میں تھی تب نوح نے معلوم کیا کہ اب پانی زمین پر کم ہوا ٭ پیدایش ۸ باب

## آدم زاد کا پراگندہ ہو جانا

اسلئے اُسکا نام بابل ہوا کیونکہ خداوند نے وہاں ساری زمین کی زبانوں میں اختلاف ڈالا اور وہاں سے خداوند نے اُنکو تمام روئے زمین پر پراگندہ کیا ۔
پیدایش ۱۱ - ۹

## ابرہام کا مکفیلہ کی غار کو مول لینا

پھر اُسنے اُس مُلک کے لوگوں کے سامنے عفرون سے ہمکلام ہو کے کہا اگر تو دیتا ہی تو میری سُننے میں تجھے اُس کھیت کے عوض روپیہ دونگا تو مجھ سے لے تو میں اپنے مُردے کو وہاں گاڑوں +

پیدایش ۲۳ - ۱۳

## یعقوب اور عیسو کا ملنا

اور عیسو اُسکے ملنے کو دوڑا اور اُسے گلے لگایا اور اُسکی گردن سے لپٹا اور اُسے چوما اور وے دونوں روئے ✣

پیدایش ۳۳-۴

## یوسفؑ کا خواب دیکھنا

پھر اُسنے دوسرا خواب دیکھا اور اُسے اپنے بھائیوں سے بیان کیا اور کہا کہ دیکھو میں نے ایک خواب دیکھا کہ سورج اور چاند اور گیارہ ستاروں نے مجھے سجدہ کیا۔ پیدائش ۳۷-۹

## یوسف کا کرتہ یعقوب کو دکھلانا

پھر اُنہوں نے یوسف کی قبا کو لیا اور ایک بکری کا بچہ مارا اور اُسے اُسکے لہو میں تر کیا اور اُنہوں نے اُس بوقلمون قبا کو بھیجا اور اپنے باپ پاس لے آئے اور کہا کہ ہم نے اِسے پایا اور آپ اِسے پہچانئے کہ یہہ آپکے بیٹے کی قبا ہے کہ نہیں۔ اور اُسنے اُسے پہچانا اور کہا کہ یہہ تو میرے بیٹے کی قبا ہے کوئی بُرا درندہ اُسے کھا گیا یوسف بیشک پھاڑا گیا۔ تب یعقوب نے اپنے کپڑے پھاڑے اور ٹاٹ اپنے کولے پر ڈالا اور بہت دن تک اپنے بیٹے کے لئے غم کیا۔ پیدایش ۳۷ - ۳۱ - ۳۴

## موسیٰ کا سرکنڈے کے ٹوکرے میں ہونا

اور جب آگے کو چھپا نہ سکی تو اُسنے سرکنڈوں کا ایک ٹوکرا بنایا اور اُس پر لاسا اور رال لگایا اور لڑکے کو اُسمیں رکھا اور اُسنے اُسے دریا کے کنارے پر جھاؤ میں رکھدیا۔ اور اُسکی بہن دور سے کھڑی دیکھتی تھی کہ کیا ہوتا ہے اُسکے ساتھہ + خروج ۲-۱-۱۰

# موسیٰ اور جلتی بوٹی

خدا کا فرشتہ ایک بوٹے میں سے آگ کے شعلے میں اُس پر ظاہر ہوا اُس نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہی کہ ایک بوٹا آگ میں روشن ہی اور وہ جل نہیں جاتا۔۔ تب خدا نے کہا یہاں نزدیک مت آ اپنے پاؤں سے جوتا اُتار کیونکہ یہہ جگہ جہاں تو کھڑا ہی مقدس زمین ہی +

خروج ۳ باب

موسیٰ فرعون کے حضور

بعد اسکے موسیٰ اور ہارون آئے اور فرعون کو کہا کہ خداوند اسرائیل کا خدا یوں فرماتا ہی کہ میرے لوگوں کو جانے دے تا وے بیابان میں میرے لئے عید کریں۔

فرعون نے کہا کہ خداوند کون ہی کہ میں اسکی آواز کو سنوں کہ بنی اسرائیل کو جانے دوں۔ میں خداوند کو نہیں جانتا اور نہ میں بنی اسرائیل کو جانے دونگا۔ خروج ۵- ۱ و ۲

# یترو کی قربانی

اور یترو نے کہا کہ مبارک ہے وہ خدا جسنے تمکو مصریوں کے ہاتھہ اور فرعون کے ہاتھہ سے نجات بخشی اور جسنے قوم کو مصریوں کے پنجے سے بچایا۔ اب میں جانتا ہوں کہ خداوند سب معبودوں سے بڑا ہے کیونکہ وہ اُن کاموں میں جو انہوں نے غرور سے کئے اُنپر غالب ہوا۔ اور موسیٰ کا سسر یترو ایک سوختنی قربانی اور ذبیحے خدا کے لئے لایا اور ہارون اور اسرائیل کے سب بزرگ موسیٰ کے سسر کے ساتھہ روٹی کھانے خدا کے آگے آئے ✦

خروج ۱۸-۱-۱۲

## چلاوے کا حلوان

اور ہارون اپنے دونو ہاتھ اُس جیتے حلوان کے سر پر رکھے اور بنی اسرائیل کی ساری بدکاریوں اور اُنکے سارے گناہوں اور خطاؤں کا اقرار کرکے اُنکو اُس حلوان کے سر پر دھرے اور اُسے کسی شخص کے ہاتھ جو اُسکے لئے معین ہو بیابان کو بھجوا دے +

احبار ۱۶ باب

## سُریانی مزدورنی

اور جب تو اپنی فصل کاٹے تو کھیت کے کونوں کو سب کا سب مت کاٹ لے اور نہ اپنے کھیت میں بال چن۔ اور اپنے انگورستان میں خوشہ چینی مت کر اور اپنے انگوروں کا ایک ایک دانہ توڑ نہ لے چاہئیے کہ مسکینوں اور مسافروں کے لئے انکو چھوڑ دے میں خداوند تمہارا خدا ہوں ۔
احبار ۱۹ - ۹ و ۱۰

## ندب اور ابیہو کا مارا جانا

پھر ندب اور ابیہو دونو بیٹے ہارون کے ہر ایک نے اُنمیں سے اپنا عود سوز لیا اور اُسمیں آگ بھر کے اُسپر بخور ڈالا اور ایک اجنبی آگ جسکا خداوند نے انکو حکم نہ کیا تھا روبرو خداوند کے گذرانی - تب آگ خداوند کے حضور سے نکلی اور اُن دونو کو کھا گئی اور وے خداوند کے سامھنے مر گئے ۔

احبار ۱۰ - ۱ و ۲

## پیتل کا سانپ

چنانچہ موسیٰ نے پیتل کا ایک سانپ بنا کے ایک نیزے پر رکھا اور ایسا ہوا کہ سانپ نے جو کسی آدمی کو کاٹا تو جب اُسنے اُس پیتل کے سانپ پر نگاہ کی تو وہ جیتا رہا ✣ گنتی ۲۱-۹

اور جسطرح موسیٰ نے سانپ کو بیابان میں بلندی پر رکھا اُسیطرح سے ضرور ہی کہ ابن آدم بھی اُٹھایا جائے تاکہ جو کوئی اُس پر ایمان لاوے ہلاک نہووے بلکہ ہمیشہ کی زندگی پاوے ✣ یوحنا ۳-۱۴ و ۱۵

# پناہ کے شہر کو بھاگنا

پھر موسیٰ نے سورج کے نکلنے کیطرف کو یردن کے اِس پار تین بستیاں الگ کیں تاکہ وہ خونی جو انجانے اپنے پڑوسی کو قتل کرے اور آگے سے اُس میں دشمنی نہ ہوئی ہو بھاگ کے وہاں جا رہے اور جب اُن شہروں میں سے ایک میں بھاگ کے داخل ہو تو جیتا بچ رہے ٭

اِستثنا ۴ - ۴۱ و ۴۲

# عکن کا گناہ

تب عکن نے یشوع کو جواب دیا اور کہا فی الحقیقت میں نے خداوند اسرائیل کے خدا کا گناہ کیا ہی اور یوں یوں کیا ہی کہ جب میں نے شنعار کا نفیس لبادا اور دو سو مثقال چاندی اور پچاس مثقال وزن میں سونے کی اینٹ لوٹ کے مال میں دیکھی تو میں للچایا اور اُنہیں اُٹھالیا اور دیکھہ کہ یہہ سب میرے خیمے کے بیچ زمین میں گڑا ہوا اور چاندی اُنکے تلے موجود ہی +

یشوع ۷ باب

## بوعز اور روت

اور بوعز نے جواب دیا اور اُسے کہا کہ مجھ پر وہ سب ظاہر کیا گیا ہی جو کچھ تو نے اپنے خاوند کے مرنے کے بعد اپنی ساس کے ساتھ کیا اور کیونکر تو نے اپنے باپ کو اور اپنی ماں کو اور اپنے وطن کو چھوڑا اور اِن لوگوں میں جنہیں تو اس سے پیشتر نہ جانتی تھی آئی۔ خداوند تیرے کام کا بدلا دے بلکہ خداوند اسرائیل کے خدا کی طرف سے جسکے پروں تلے بھروسا کر کے آئی تجھ کو پورا بدلا دیا جاوے ❊

روت ۲ باب

چھوٹا سموایل

فرما کیونکہ تیرا بندہ سُنتا ہی +

۱ سمو ۳ :۲-۱۰

## مکماس پر یونتن کا چڑھنا

تب اُن دونوں نے اپنے تئیں فلستیوں کے پہرے پر ظاہر کیا اور فلستی بولے دیکھو عبرانی اُن سوراخوں میں سے جہاں اُنہوں نے اپنے کو چھپایا تھا باہر نکلے آتے ہیں۔ اور پہرے کے لوگوں نے یونتن اور اُسکے سلاح بردار کو کہا ہم پاس چڑھ آؤ کہ ہم تمہیں تماشا دکھلائینگے۔ سو یونتن نے اپنے سلاح بردار سے کہا اب میرے پیچھے چڑھ آ کہ خداوند نے اُنہیں اسرائیل کے قبضے میں کر دیا۔ اور یونتن اپنے ہاتھوں اور پاؤں سے اپٹ گرگیا اور اُسکے پیچھے اُسکا سلاح بردار اور وے یونتن کے آگے مرگرے اور اُسکے سلاح بردار نے بھی اُسکے پیچھے لوگوں کو قتل کیا۔

۱ سموایل ۱۴-۱-۲۳

## ساؤل کا ردّ ہو جانا

اور ساؤل نے سموایل سے کہا میں نے گناہ کیا کہ میں نے خداوند کے فرمان کو ٹال دیا ہی ..... سو اب مہربانی سے میرا گناہ بخشئے اور میرے ساتھ پھرئے تا کہ میں خداوند کے آگے سجدہ کروں۔ اور سموایل نے ساؤل کو کہا میں تیرے ساتھ نہ جاؤنگا کہ تو نے خداوند کے کلام کو رد کیا اور خداوند نے تجھے رد کیا کہ اسرائیل پر بادشاہ نہ رہے۔ اور جب سموایل پھر اکے روانہ ہو تو اسنے اسکی چادر کا کونا پکڑا اور وہ چاک ہو گیا۔ تب سموایل نے اسے کہا خداوند نے تیری بادشاہت جو تو بنی اسرائیل پر کرتا تھا تجھ سے آج ہی چاک کر لی اور تیرے ایک پڑوسی کو جو تجھ سے بہتر ہی دی + ۱ سموایل ۱۵ باب

## یونتن کا داؤد کو اشارہ دینا

اور صبح کو یونتن اُسیوقت جو داؤد سے مقرر کیا گیا تھا میدان کو گیا اور ایک چھوٹا لڑکا اُسکے ساتھ تھا۔ اور اُسنے اپنے چھوکرے کو حکم کیا کہ دوڑ اور یہہ تیر جو میں چلاتا ہوں ڈھونڈھ کے لا۔ اور جونہیں وہ دوڑا تو اُسنے ایسا تیر لگایا کہ اُس چھوکرے سے بہت دور جا پڑا۔ اور یونتن نے اُس چھوکرے کو پیچھے سے چلا کے کہا پھر کر جلد ہو دیر مت کر۔ سو یونتن کے چھوکرے نے تیروں کو جمع کیا اور اپنے آقا پاس لے آیا۔ پر اُس چھوکرے نے کچھہ نہ جانا فقط داؤد اور یونتن ہی اُسکے بھید جانتے تھے۔

اسموایل ۲۰ باب

# اخیاہ نبی اور ایک ملکہ

تب خداوند نے اخیاہ کو کہا کہ دیکھہ یربعام کی جورو تجھہ سے کچھہ اپنے بیٹے کی بابت پوچھنے آتی ہے کیونکہ وہ بیمار ہے سو تو اُسے یوں یوں کہیو کیونکہ ایسا ہوگا کہ جب وہ اندر آویگی تو آپکو دوسری عورت بناویگی - اور ایسا ہوا کہ جونہیں وہ دروازے پر پہنچی اور اخیاہ نے اُسکے پاؤں کی آواز سُنی تو اُسنے اُسے کہا اَی یربعام کی جورو تو اندر آ تو کیوں اپنے تئیں دوسری بناتی ہے ؟ کہ میں تجھہ پاس بھیجا گیا ہوں تاکہ بھاری خبریں دوں ٭

پہلا سلاطین ۱۴ - ۱ - ۱۸

## کوّے ایلیاہ نبی کو کھلاتے

سو ایلیاہ روانہ ہوا اور خداوند کے کلام پر عمل کیا کیونکہ وہ گیا اور وادیٔ کریت میں جو یردن کے سامہنے ہی بیٹھہ رہا۔ اور ہر صبح کو کوّے اُسکے لئے روٹی اور گوشت لاتے تھے اور شام کو بھی روٹی اور گوشت لاتے اور وہ اُس نالے کا پانی پیتا تھا۔

پہلا سلاطین ۱۷-۱-۷

## ایلیاہ نبی کا بیوہ کے بیٹے کو جلانا

ادر ایلیاہ نے خداوند کو پکارا اور کہا اے خداوند میرے خدا اپنی عنایت سے ایسا کیجئے کہ اس لڑکے کی جان اسمیں پھر آوے - اور خداوند نے ایلیاہ کی دُعا سُنی اور لڑکے کی جان اُسمیں پھر آئی کہ وہ جی اُٹھا - تب ایلیاہ نے اُس لڑکے کو اُٹھا لیا اور بالاخانے پر سے گھر کے اندر لے گیا اور اُسے اُسکی ماں کے سپرد کیا اور ایلیاہ نے کہا کہ دیکھہ تیرا بیٹا جیتا ہے ۰

پہلا سلاطین ۱۷ - ۸ - ۲۴

سوریانی ریچھہ

اور جب الیشع راہ میں چڑھائی پر تھا تو شہر کے چھوٹے لڑکے نکلے اور اُسے چڑھانے لگے اور اُسے کہا چلا جا ای گنجے سروالے چلا جا ای گنجے سروالے۔ . . سو وہیں بن سے دو ریچھنیاں نکلیں اور اُنھوں نے اُنمیں سے بیالیس چھوکرے پھاڑ ڈالے ۔ ۲ سلاطین ۲ باب

## ہائے میرا سر ہائے میرا سر

اور جب وہ لڑکا بڑھا تھا ایکدن ایسا ہوا کہ وہ کھیت کاٹنے والوں کے درمیان اپنے باپ پاس گیا - اور اُسنے اپنے باپ سے کہا ہائے میرا سر ہائے میرا سر اُسنے ایک جوان کو کہا اُسے اُٹھا کے اُسکی ما پاس پہنچا - تب اُسنے اُسے لیکے اُسکی ما پاس پہنچایا اور وہ اُسکے گھٹنوں پر پڑے پڑے دوپہر کو مر گیا +

۲ سلاطین ۴ - ۱۸ - ۳۷

## اسیر کی چھوٹی چھوکری

اور ارامی گروہ بگروہ نکلے تھے اور اسرائیل کے مُلک میں سے ایک چھوٹی چھوکری اسیر کر کے لے آئے تھے سو وہ نعمان کی جورو کی خدمت کرتی تھی۔ اُسنے اپنی بی بی سے کہا کاش کہ میرا صاحب اُس نبی کے یہاں ہوتا جو سمرون میں ہے تو وہ اُسے اُسکے کوڑھ سے شفا بخشتا۔

۲ سلاطین ۵-۱-۱۹

## الیشع نبی کا لوہے کو پانی پر تیرانا

اور اُنہوں نے یردن پاس آکے لکڑیاں کاٹ ڈالیں - اور اُسوقت ایک کی کلہاڑی میں کا لوہا لکڑی کاٹتے ہوئے پانی میں گر گیا سو وہ چلا اُٹھا اور کہا ای خداوند افسوس یہہ تو منگنی کی تھی - مردِ خدا بولا کس جگہ گرا ؟ اُسنے اُسے وہ جگہ بتلائی - تب اُسنے ایک چھڑی کاٹ کے اُس جگہ ڈالدی اور لوہا تیرنے لگا - تب اُسنے کہا اپنے لئے اُٹھا لے - سو اُسنے ہاتھہ بڑھا کے اُسے اُٹھا لیا ✣

۲ سلاطین ٦ - ١ - ٧

## یوآس بادشاہ کا تخت نشین ہونا

اور جب عتالیہ نے پاسبانوں اور لوگوں کا غل سنا تو لوگوں کے درمیان خداوند کی ہیکل میں داخل ہوئی۔ اور جب اُسنے نگاہ کی تو دیکھو
کہ موافق دستور کے بادشاہ ستون کے پاس کھڑا ہے اور امرا اور نرسنگا بجانیوالے بادشاہ کے پاس ہیں اور ساری مملکت کے لوگ خوشی میں
ہیں اور نرسنگے پھونکتے ہیں تب عتالیہ نے اپنے کپڑے پھاڑے اور چلا کے کہا فتنہ فتنہ ❖

۲ سلاطین ۱۱ باب

## بادشاہ اور مرنے نبی

اور الیسع نے اُسکو کہا تیر و کمان ہاتھہ میں لے۔ سو اُسنے تیر و کمان ہاتھہ میں لئے۔ پھر اُسنے شاہ اسرائیل کو کہا کمان پر ہاتھہ چڑھا۔ اُسنے اپنا ہاتھہ چڑھایا اور الیسع نے بادشاہ کے ہاتھوں پر اپنے ہاتھہ رکھہ دیئے اور اُسنے فرمایا کہ پورب طرف کی کھڑکی کھول۔ سو اُسنے کھولی۔ تب الیسع نے کہا تیر چلا۔ سو اُسنے چلایا۔ پھر الیسع بولا یہہ خداوند کی نجات کا تیر اور ارام سے نجات پانیکا تیر سو تو افیق میں ارامیوں کو ماریگا یہانتک کہ وے نابود ہو جائینگے +

۲ سلاطین ۱۳-۱۴-۱۹

## حزقیاہ بادشاہ کا اپنے خزانے کو دکھلانا

سو حزقیاہ نے اُنکی باتیں سُنیں اور اُسنے اپنا سارا گھر اور اُسکی نفیس چیزیں روپا اور سونا اور مصالح اور قیمتی عطر اور اپنا سلاح خانہ اور ہر ایک چیز جو اُسکے خزانے میں پائی گئیں اُنکو دکھلائیں اور اُسکے گھر میں اُسکی ساری مملکت میں ایسی کوئی چیز نہ تھی جو حزقیاہ نے اُنکو نہ دکھلائی ہو۔۔۔ تب یسعیاہ نے حزقیاہ سے کہا خداوند کا کلام سُن۔ دیکھو وے دن آتے ہیں کہ سب جو کچھ تیرے گھر میں ہے اور جو کچھ کہ تیرے باپ دادوں نے آجکے دن تک جمع کر رکھا ہے سب بابل کو لیجائینگے کچھ باقی نہ رہیگا خداوند فرماتا ہے۔

۲ سلاطین ۲۰ - ۱۲

## یہوسفط کا ہیکل میں دُعا مانگنا

اور یہوسفط یہوداہ اور یروسلم کی جماعت کے درمیان خداوند کے گھر میں نئے صحن کے آگے کھڑا ہوا اور کہا کہ اے خداوند ہمارے باپ دادوں کے خدا کیا آسمان میں تو خدا نہیں؟ اور تو قوموں کی ساری مملکتوں کا حاکم نہیں؟ کیا تیرے ہاتھ میں ایسا زور اور قدرت نہیں ہے کہ کوئی تیرا سامہنا نہیں کرسکتا؟ ... اے ہمارے خدا کیا تو اُنکو سزا نہیں دیگا؟ کیونکہ اُس بڑے انبوہ کے مقابل جو ہم پر چڑھہ آتا ہے ہم کچھہ طاقت نہیں رکھتے اور کون کام کرنا ہے سو بھی نہیں جانتے بلکہ ہماری نگاہ تجھی پر ہے *

۲ تواریخ ۱۔ ۱۹

## ہامان اور مردکی

تب ہامان نے وہ خلعت اور گھوڑا لیا اور مردکی کو پہنا کے گھوڑے پر چڑھایا اور شہر کے بازار میں پھرایا اور اُسکے آگے پکارا کہ جس شخص کو بادشاہ سرفراز کیا چاہتا ہی اُسکے لئے ایسا ہی کیا جائیگا ❖

آستر ۶ - باب

## بہیموت

بہیموت کو اب دیکھ . . . وہ بیل کی مانند گھاس کھاتا ہی . . . وہ سایہ دار درختوں کے تلے اور نیستان کے جھنڈ میں اور چہلے میں لوٹا کرتا ہی- سایہ دار درخت اُسے اپنے سایہ میں چھپا لیتے ہیں نہر و نکی بدیں اُسکے اِرد گِرد ہیں- دیکھ ندی بڑھتی ہی پر وہ ہراسان نہیں ہوتا
ایوب ۴۰- ۱۵- ۲۴

ہرنی

جسطرح سے کہ ہرنی پانی کے سوتوں کی نہایت پیاسی ہوتی ہی ویسے ہی میری روح ای خدا تیری نہایت پیاسی ہی +

زبور ۴۲ -

## حواصل

اپنا مُنہہ مجھسے نہ چھپا میری تنگی کے دِن میری طرف کان رکھہ جسدن میں پکاروں جلد مجھے جواب دے . . . میں جنگلی حواصل کی مانند ہوا میں ویرانہ کا اُلو بنا ۔ میں پڑا جاگتا ہوں اور گورئے کیطرح چھت کے اوپر اکیلا رہتا ۔ زبور ۱۰۲

## کوہی بکریاں

اونچے پہاڑ کوہی بکروں کے لئے ہیں اور چٹان جنگلی خرگوشوں کی پناہ کے لئے۔ اُسنے چاند کو وقتا کی تعداد کے لئے بنایا اور آفتاب اپنے غروب کی جگہ جان رکھتا ہی۔ تو اندھیرا کرتا اور رات ہوتی جسمیں سارے جنگلی حیوان سیر کرتے ہیں . . . . انسان اپنے کاروبار کے لئے باہر نکلتا ہی اور اپنی محنت کے لئے شام تک۔ ای خداوند تیری صنعتیں کیا ہی بہت ہیں تونے اُن سب کو حکمت سے بنایا زمین تیرے مال سے پُر ہی +

زبور ۱۰۴

128467
21.1.92 ۱۴

# سلامتی کی بادشاہت

اُسوقت بھیڑیا برّے کے ساتھہ رہیگا اور چیتا حلوان کے ساتھہ بیٹھیگا اور بچھیا اور شیر بچہ اور پالا ہوا بیل ملے جلے رہینگے اور
ننھا بچہ اُنکی پیشیروی کریگا ... وے میرے مقدّس کوہ کی سب اطراف میں کسی کو دُکھہ نہ دینگے اور توڑ نہ ڈالینگے کیونکہ جسطرح
پانی سے سمندر بھرا ہوا ہی اُسیطرح زمین خداوند کے عرفان سے معمور ہوگی - اور اُسدن ایسا ہوگا کہ یسّی کی اُس جڑ کی جو قوموں
کے لئے جھنڈے کیطرح کھڑی ہوگی قومیں طالب ہونگی اور اُسکی آرامگاہ جلال ہوگی +

یسعیاہ ۱۱ باب

## سونے کی مورت

جس پر بھی اگر مستعد رہو کہ جس دم قرنائی اور نی اور ستار اور رباب اور بربط اور چغانہ اور ہر طرح کے باجے کی آواز سنو تو اُسی دم اُس مورت کے آگے جسے میں نے کھڑا کیا اوندھے مُنہہ گر پڑو اور سجدہ کرو تو بہتر ہے پر اگر سجدہ نہ کرو گے تو اُسی گھڑی ایک آگ کی جلتی بھٹی کے بیچ میں ڈالے جاؤ گے اور وہ خدا کون ہے جو تمہیں میرے ہاتھ سے چھڑاویگا ٭

دانیل ۳-۱-۱۸

## سدرک میسک اور عبدنجو

تب سدرک میسک اور عبدنجو آگ کے درمیان سے نکل آئے۔ تب امیروں اور حاکموں اور سرلشکروں اور بادشاہ کے مشیروں نے فراہم ہو کے اُن شخصوں پر نظر کی کہ آگ کی اُنکے بدن پر تاثیر نہ ہوئی تھی اور نہ اُنکے سر کا ایک بال جھلس گیا اور نہ اُنکی پوشاک میں مطلق کچھ فرق ہوا اور نہ آگ سے جلاہٹ کی بُو اُنپر سے معلوم ہوتی تھی۔ تب نبوکدنظر نے پکار کے کہا کہ سدرک اور میسک عبدنجو کا خدا مبارک ہو جسنے اپنے فرشتے کو بھیجا اور اپنے بندوں کو جنہوں نے اُس پر توکل کر کے بادشاہ کے حکم کو ٹال دیا ہی اور اپنے بندوں کو نثار کیا کہ سوا اپنے خدا کے دوسرے معبود کی عبادت اور بندگی نہ کریں چھوڑایا ہی ✣

دانیل ۳- ۱۹- ۳۰

12867
21.1.92

## دانی ایل کا شیروں کے غار میں ہونا

تب دانی ایل نے بادشاہ سے کہا اے بادشاہ تا ابد زندہ رہ ... میرے خدا نے اپنے فرشتے کو بھیجا اور شیر ببروں کے منہ کو بند کر دیا یہاں تک کہ انہوں نے مجھے ضرر نہ پہنچایا ... سو دانی ایل اس ماند سے نکالا گیا اور معلوم ہوا کہ اسے کچھ ضرر نہ پہنچا تھا اس لئے کہ اس نے اپنے خدا پر توکل کیا تھا۔ دانی ایل ۶ باب